لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء

ایک مقدمہ فوجداری نمبر ۲۳۲ بدمعاشی کا بنام گلزاری وغیرہ ملزمان صاحب مجسٹریٹ سرسری کے اجلاس مین تھا۔ صاحب موصوف نے گلزاری ولد جھمیدی ملزم کی نسبت ۱۲ رجون سنہ ۱۹۲۳ء کو حکم ادخال ضمانت کا دیا تھا۔ ملزم مذکور کی طرف سے ایک ضمانت نامہ ڈلو ولد کلو باغبان ساکن بھوانی پور کے نام سے اجلاس صاحب مجسٹریٹ سرسری مین پیش ہو کر بشناخت

سید احمد وکیل تصدیق ہوا مگر بعد کو معلوم ہوا کہ وہ ضمانت نامہ نہ ڈلو مذکور نے لکھوایا تھا اور نہ اُسنے پیش کیا تھا بلکہ وہ ضمانت نامہ سالگ عرف سنگا پسر گگزاری ملزم نے ڈلو مذکور کی طرف سے لکھواکر پیش کر دیا۔ اور خود بشناخت سید احمد وکیل تصدیق کرا دیا تھا چونکہ اس جعلی کارروائی پر سالگ عرف سنگا مذکور پر مقدمہ فوجداری قایم ہو کر سزا ہو گئی اور سید احمد وکیل جنہون نے غلط شناخت کرائی تھی اُنسے جواب لیا گیا کہ اُنہون نے کیون ایسی کارروائی کی جو پیشہ وکالت کے خلاف تھی۔ وہ تسلیم کرتے ہین کہ قصور ہوا۔ مگر کہتے ہین کہ جانکر کارروائی مین شریک نہین ہوا ہون بلکہ گواہان حاشیہ کے اطمینان پر ایسا کیا ہے۔ اُنکا جواب لایق اطمینان نہین ہے۔ وہ گگزاری ملزم کے وکیل تھے اور سالگ گگزاری کا لڑکا ہے اس سے شبہ اُنکی جانب معقول ہوتا ہے اور بہر نوع باوجود نہ معلوم ہونے کے غلط شناخت کر دی یہ خود مکروہ خلاف پیشہ حرکت ہے۔ لہذا اس معاملہ سے چشم پوشی نہین کیجا سکتی ہے۔ مگر چونکہ وہ آیندہ کے لئے وعدہ کرتے ہین کہ مین نہایت احتیاط سے کام کرونگا۔ لہذا سید احمد وکیل صرف تین مہینے کے لئے معطل کئے جاتے ہین اور اُنکو آگاہ کیا جاتا ہے کہ جن مقدمات مین وہ وکیل ہین اُنکی بابت اپنے موکلان کا اطمینان کر دین خواہ رقم محنتانہ واپس دین یا اُنکے مقدمات کی پیروی کا انتظام کرائین اور کوئی شکایت اس امر مین ہمارے پاس نہ آئے

بنابران حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل اس حکم کی درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
اختیارات

۱۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء

حافظ اسد علی خان صاحب تحصیلدار حضور تحصیل کو بغرض تصفیہ مقدمات جوڈیشلی صیغہ دیوانی مین اختیارات منصفی اور صیغہ فوجداری مین اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم دیئے گئے۔

سرکاری پریس ریاست مین چھپکر شائع ہوا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۲ لغایت ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۷۰ار	۰	۷۰ار	۰	۸ار	حضور تحصیل۔ ملک۔ سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۳ار	۰	۱۰۱۳ار	۰	۱۳ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۱۶ار	۰	۱۱۶ار	۰	۱۶ار	
کسہ	۰	۱۸ار	۰	۱۱۸ار	۰	۱۸ار	
ماش	۰	۰	۰	۰	۰	۸۰ار	
مونگ	۰	۰	۰	۰	۰	۸ار	
مکا	۰	۱۳ار	۰	۱۶ار	۰	۱۳ار	
جئی	۰	۰	۰	۱۰۱۸ار	۰	۱۶ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲ار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۱۳ار	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲ار	
برنج	۰	۶ار	۰	۵ار	۰	۵۰ار	
روغن زرد	۰	۰ار	۰	۷۰ چھٹانک	۰	۷۰ چھٹانک	
روغن سیاہ	۰	۱۰ار	۰	۱۰۱ار	۰	۲ار	
روغن کنجد	۰	۱ار	۰	۱ار	۰	۱ار	
نمک سانبھر	۰	۷۰ار	۰	۷ار	۰	۷ار	
نمک لاہوری	۰	۷۰ار	۰	۵ار	۰	۷ار	
قند سیاہ	۰	۴ار	۰	۴۰ار	۰	۴ار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	